© rasailojaraid.com

کے نام سے پارہ عم انگریزی میں قریب قریب اسی طریقہ پر شائع کرایا ہے جیسی کہ بچوں کی تفسیر شائع ہو چکی ہے۔ بچوں کو اس کے پڑھانے سے انگریزی اور عربی دونوں زبانیں آجاتی ہیں۔ انشاء اللہ ڈاکٹر صاحب موصوف کو کئی سو جلدیں مفت اس غرض سے دی جائیں گی کہ وہ یورپ میں مستحقین کو تقسیم فرمائیں تاہم کئی سو فاضل جلدیں بھی دفتر میں بچ رہیں گی ضرورت ہے کہ آپ بھی اپنے بچوں کو اس کے ذریعہ سے تعلیم دلائیں۔ مع جلد ہدیہ ایک روپیہ پتہ دفتر تحریک قرآن حیدرآباد دکن

## بیرن عمر کی تقریر جرمنی اور قرآن

مجلس تحریک قرآن مجید ممالک محروسہ سرکار عالی کے اہتمام سے جناب نواب مرزا یار جنگ بہادر چیف جسٹس ہائی کورٹ کی صدارت میں بمقام سیف گلشن دولتکدہ نواب سیف نواز جنگ بہادر ایک کامیاب جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں خصوصیت کے ساتھ انگریزی داں طبقہ اور عثمانیہ یونیورسٹی کے طلبہ شریک تھے۔ مجموعہ کی شکل میں یہ تقریر بزبان انگریزی بہت جلد شائع ہوگی۔

ڈاکٹر ضیاء الدین احمد نے پونا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے کہا۔

”مذہبی تعلیم کے سلسلہ میں اس پر زور دینا چاہتا ہوں کہ سب سے بہتر دینیات کی تعلیم کلام پاک کی تعلیم ہے، ”کلام پاک“ با ترجمہ پڑھایا جائے کلام مجید کی تعلیم مسلمانوں کے ہر ملت کے بچوں کو مشترکہ دیجاسکتی ہے۔“

ڈاکٹر رام داس خاں ایم اے۔ پی ایچ ڈی۔ سابق پرنسپل سناتن دھرم کالج جنہوں نے حال ہی میں اسلام قبول کیا ہے اور جن کا اسلامی نام محمد رشید الدین خاں ہے فرمایا اسلام سے پیشتر دنیا پر ہولناک تاریکی چھائی ہوئی تھی جس کو حضرت محمد صلعم نے خدائے برتر کی وحدانیت سے منور کیا اور خدا کی الہامی کتاب قرآن نے عوام کو صراط مستقیم کا راستہ بتایا“ آج تک جتنی بھی الہامی کتابیں پائی جاتی ہیں ان سب میں بہت سی خامیاں پائی جاتی ہیں۔ لیکن قرآن پاک ہی ایک ایسی کتاب ہے جو مذہب، سیاست، تمدن، حق شرع،

© rasailojaraid.com